Alberta

خبروں کا اعلامیہ

تارکین وطن خواتین کے لیے روزگار کی رکاوٹوں کو دور کرنا

08مارچ، 2023

البرٹا اور کینیڈا کی حکومتیں صوبے کے بڑھتے ہوئے لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر سیکٹر میں تارکین وطن خواتین کے لیے ملازمتوں تک رسائی میں اضافہ کر رہی ہیں۔

محفوظ، اچھے معیار اور قابل استطاعت بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر)تک رسائی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے کہ البرٹا کے والدین کام پر واپس جا سکیں اور صوبے میں معاشی ترقی فروغ پاسکے۔ 2026 تک کل 68,700 نئے لائسنس یافتہ بچوں کی دیکھ بھال(چائلڈ کیئر) کی جگہیں بنانے کے عزم کے ساتھ، ان جگہوں کے لیے مکمل طور عملہ مہیّا کرنے کے لیے 9,000 نئے بچوں کے ابتدائی اساتذہ (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹرز)کی ضرورت ہوگی۔

البرٹا کی حکومت کیلگری امیگرنٹ ویمنز ایسوسی ایشن کے ساتھ ایک پائلٹ پروجیکٹ کے لیے 1.4 ملین ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کرنے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ شراکت داری کر رہی ہے تاکہ تارکین وطن خواتین کو بچوں کی ابتدائی تعلیم کے سرٹیفائیڈ معلم (سرٹیفائڈ ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹر)کے طور پر کیریئر شروع کرنے یا اسے بڑھاوا دینے میں مدد ملے۔ پائلٹ پروجیکٹ رکاوٹوں کو دور کرنے اور پوسٹ سیکنڈری بچوں کی ابتدائی کی تعلیم (پوسڑ سیکنڈری ارلی چائلڈہڈ ایجوکیشن) اور دیگر ضروری قبل از روزگار تربیت تک رسائی اور تکمیل کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

بچوں کی ابتدائی تعلیم (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیشن) میں متنوع کمیونٹیز اور پس منظر سے تعلق رکھنے والی خواتین کو تربیت دے کر، یہ پروجیکٹ بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کے ایسے آپشنس کے لیے والدین کے انتخاب میں بھی اضافہ کرے گا جو ان کے بچوں کی ثقافتی، لسانی اور سیکھنے کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

یہ پائلٹ پروجیکٹ بو ویلی کالج (Bow Valley College) کے ساتھ شراکت داری میں ہے، جو طلباء کی زبان اور خواندگی کی سطح کے لحاظ سے تین آن لائن سلسلوں (اسٹریمز) میں لیول 1 اور لیول 2 کے بچوں کی ابتدائی تعلیم کے معلم (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹر) کی تربیت فراہم کرے گا۔

یہ تارکین وطن خواتین کی لیبر مارکیٹ تک رکاوٹوں سے پاک رسائی کی حمایت کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جبکہ انہیں ایسے کیریئر زمیں شامل کیا جائے گا جو معیشت اور البرٹا کے لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر سیکٹر کو مضبوط کریں گے۔

یہ تربیت تقریباً 230 تارکین وطن خواتین کو فراہم کی جائے گی اور اس میں ایک ورچوئل ڈیلیوری ماڈل استعمال کیا جائے گا تاکہ طلباء اپنی انفرادی ضروریات کے مطابق تربیت حاصل کر سکیں۔ پائلٹ پراجیکٹ کلائنٹس کے لیے ملازمت کی تعیناتی کی خدمات میں بھی معاونت کرے گا۔

البرٹا-کینیڈا کینیڈا-وائیڈ ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر (ACELCC) معاہدے کے ذریعے مالی اعانت فراہم کیے گئے، یہ پائلٹ پروجیکٹ بہت سے اقدامات میں سے ایک ہے جو پوسٹ سیکنڈری بچوں کی ابتدائی تعلیم (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیشن)کے پروگراموں تک مزید

متعلقہ معلومات

ملٹی میڈیا

[نیوز کانفرنس سنیں (Listen to the news conference)]

[نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)]

میڈیا سے پوچھ گچھ

Chinenye Anokwuru چی نینیا اینکورو
Chinenye.Anokwuru@gov.ab.ca)
780-720-1915
سینیئر پریس سیکریٹری،
چلڈرنزسروسز (Senior Press Secretary, Children's Services)

خبروں کا اعلامیہ

رسائی اور مدد فراہم کرنا جاری رکھے گا اور البرٹا کے بچوں کی نگہداشت کے نظام (ایلبرٹاز چائلڈ کیئر سسٹم)کی ترقی میں مدد کے لیے بچوں کی ابتدائی تعلیم کے معلمین (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹرز) کو راغب کرنے، برقرار رکھنے، تربیت دینے اور تصدیق کرنے میں مدد کرے گا۔

فوری حقائق

- 3.8بلین ڈالر کےالبرٹا-کینیڈا ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئرا ے سی ای ایل سی سی (Alberta-Canada Early Learning and Child Care (ACELCC)) معاہدے کے ایک حصے کے طور پر، پانچ سالوں کی مدت کے دوران تقریباً 300 ملین ڈالر چائلڈ کیئر آپریٹرز کی مدد کے لیے مختص کیے گئے ہیں تاکہ وہ صوبے بھر میں مزید بچوں کی ابتدائی تعلیم کے معلمین (ارلی چائلڈہڈ ایجوکیٹرز) کی خدمات حاصل کر سکیں اور پہلے سے کام کرنے والے اساتذہ کو برقرار رکھ سکیں۔
- اپنے کینیڈا بھرکے معاہدے کے حصے کے طور پر، البرٹا اس بات کو یقینی بنانے میں پر عزم ہے کہ البرٹا میں بچوں کی دیکھ بھال(چائلڈ کیئر) ہمارے صوبے میں متنوع کمیونٹیز اور مخصوص ضروریات کی عکاسی کرتا ہو۔
    - 1.4ملین ڈالر کی گرانٹ البرٹا- کینیڈا کینیڈا وائیڈ ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر(Alberta-Canada Canada-wide Early Learning and Child Care) کے معاہدے کے شمولیتی ستون کے ذریعے دی جائے گی۔

- بچوں کی دیکھ بھال(چائلڈ کیئر) کی لائسنس یافتہ جگہوں پر عملے کو راغب کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد کرنے کے لیے، البرٹا کی حکومت نے درج ذیل اقدامات کیےہیں :
    - مفت لیول 1 چائلڈ کیئر اورینٹیشن کورس کے لیے اندراج کی صلاحیت کو 4,000 سے بڑھا کر 10,000 جگہوں تک کیا ہے
    - اجرت کے اضافے (ٹاپ-اپس)کے طور پر 2 ڈالرتک کا اضافہ، سرٹیفیکیشن کی سطح پر منحصر ہے (لیول 1 کے لیے0.50 ڈالر، لیول 2 کے لیے 1 ڈالر، اور لیول 3 کے لیے 2ڈالر)۔

البرٹا 6، 2026 تک لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر کے لیے بچوں کی دیکھ بھال کی فیس کو اوسطاً 10ڈالر یومیہ تک کم کرنے کے لیے البرٹا-کینیڈا-کینیڈا-وائیڈ ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر ایگریمنٹ (Alberta-Canada Canada-Wide Early Learning and Child Care Agreement) میں وعدے کو پورا کرنے کے لیے صحیح راستے پر ہے۔